سبقی منصوبہ بندی 1	مضمون: معاشرتی علوم	جماعت: پنجم	تیسری سہ ماہی
وقت: 40 منٹ	تاریخ: ________	ہفتہ: 4	اُستاد کا نام: ________

سبق کا نام: آبادی	باب پنجم: جغرافیہ

مقاصد:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- پاکستان میں آبادی میں اضافے کے عوامل (Factors causing Increase in Population) بیان کر سکیں۔

تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 5) کی کتاب

تحریکی سرگرمی: 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، طلبہ کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

- آبادی میں اضافے کی وجوہات بتائیں۔
- پاکستان کی پہلی مردم شماری کب ہوئی۔

طلبہ سے جواب لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

تدریسی طریقہ کار: 25 منٹ

- کتاب کے صفحہ نمبر 74 سے متن پڑھوائیں۔
- طلبہ کو بتائیں آج کی عوام بہت پریشان ہے اس کی ایک بڑی وجہ آبادی میں اضافہ ہے۔ کیونکہ ہمارے ملک میں سہولیات کم اور عوام زیادہ ہے اور اس میں دن بہ دن اضافہ ہو رہا ہے۔
- آبادی میں اضافہ طلبہ کی کارکردگی کو متاثر کر سکتا ہے کیونکہ انھیں تعلیمی وسائل اور سہولیات میں کمی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ جیسے ایک استاد 60 یا 70 طلبہ کو پڑھائے گا تو وہ ہر بچے پر توجہ نہیں دے سکتا۔
- اِسی طرح تفریحی سرگرمیوں میں کمی آئے گی۔ کیونکہ کھیل اور دوسری سرگرمیوں کے لیے جگہ اور دوسری اشیاء محدود ہوتی ہیں۔
- طلبہ کو خاندانی منصوبہ بندی کے بارے میں بتائیں کہ یہ نہ صرف والدین اور بچوں کے لیے بہتر ہے۔ بلکہ معاشرے اور قوم کے لیے بھی مفید ہے۔
- آبادی میں اضافے کی وجہ سے ناخواندگی بھی وجہ بن جاتی ہے۔ کیونکہ والدین ضروریات زندگی پوری نہیں کر پاتے اور بچوں کو کم عمر میں ہی پڑھانے کی بجائے کمانے پر لگا دیتے ہیں۔

- طلبہ کو بتائیں شرح نمو کیا ہے۔ شرح نمو سے مراد آبادی میں ہر سال ہونے والا اضافہ ہے۔ پاکستان کی شرح نمو 2.4 فیصد ہے۔اس کا مطلب یہ ہے کہ ہر سال موجودہ آبادی میں 2.4 فیصد اضافہ ہوتا ہے۔

اعادہ **3منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا اعادہ پیش کریں۔

جائزہ: **5منٹ**

مشق جزو(ا) کا سوال (iii) اور (iv) کا جواب طلبہ سے پوچھیں۔

گھر کا کام: **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی دہرائی کریں۔

سبقی منصوبہ بندی2	مضمون: معاشرتی علوم	جماعت: پنجم	تیسری سہ ماہی
وقت: 40منٹ	تاریخ:________	ہفتہ: 4	اُستاد کا نام:________

سبق کا نام: آبادی	باب پنجم: جغرافیہ

مقاصد:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- طلبہ کو روز مرہ زندگی کے معیار پر آبادی میں اضافے کے اثرات بیان کر سکیں۔

تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 5) کی کتاب

تحریکی سرگرمی: 5منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، طلبہ کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

- مردم شماری سے کیا مراد ہے؟
- پاکستان کی حالیہ آبادی کتنی ہے؟

طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں اور جواب دینے میں ان کی مدد کریں۔

طلبہ کو بتائیں آج وہ آبادی میں اضافے کے اثرات پڑھیں گے۔

تدریسی طریقہ کار: 25منٹ

- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 75 سے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کی زندگی کو بہتر بنانے اور ملک کے مستقبل کو سنوارنے میں تعلیم بنیادی کردار ادا کرتی ہے۔ اسکول ابتدائی تعلیم کا بنیادی مرکز ہے۔
- آج کل آبادی کی گنجانی کی وجہ سے اسکول انتظامیہ اور عملے کے علاوہ طلبہ کو بھی پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔
- اسکولوں میں گنجان آبادی سے مراد ایسی حالت ہے۔ جہاں اسکول میں طلبہ کی تعداد دستیاب وسائل سے کہیں زیادہ ہوتی ہے۔
- طلبہ سے پوچھیں کہ:
- اگر آپ کے کمرہ جماعت میں زیادہ طلبہ ہوں گے اور بیٹھنے کی جگہ میسر نہ ہوگی تو آپ پریشان ہوں گے یا نہیں۔
- کمرہ جماعت میں زیادہ ہجوم سے طلبہ اور ان کی پڑھائی بھی متاثر ہوگی اور ساتھ ساتھ اساتذہ بھی پریشان ہوں گے۔

اعادہ **3منٹ**

سبق کے اہم نکات کا مختصراًاعادہ کروائیں۔

جائزہ: **5منٹ**

طلبہ پر آبادی میں اضافے کے اثرات بتائیں۔

گھر کا کام: **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔

تیسری سہ ماہی	جماعت: پنجم	مضمون: معاشرتی علوم	سبقی منصوبہ بندی 3
اُستاد کا نام: ________	ہفتہ: 4	تاریخ: ________	وقت: 40 منٹ

باب پنجم: جغرافیہ	سبق کا نام: آبادی

مقاصد:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- طلبہ کو روزمرہ زندگی کے معیار پر آبادی میں اضافے کے اثرات بیان کر سکیں۔

تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 5) کی کتاب۔ ورک شیٹ

تحریکی سرگرمی: 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، طلبہ کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

- اسکولوں میں گنجان آبادی سے کیا مراد ہے؟
- بڑھتی ہوئی آبادی طلبہ کی پڑھائی کو کیسے متاثر کرتی ہے۔

طلبہ سے جوابات لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

تدریسی طریقہ کار: 25 منٹ

- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 75 سے متن پڑھنے کو کہیں۔
- بڑھتی ہوئی آبادی سے عوام اور حکومت دونوں کو بہت سی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ ان کے علاوہ طلبہ برادری پر بھی آبادی میں اضافے سے پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ جو ان کی کارگردگی کو متاثر کرتی ہے۔
- ایک پُر ہجوم کمرا جماعت میں زیادہ تر طلبہ کو مندرجہ ذیل مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔
  - زیادہ طالب علموں کی وجہ سے وہ اپنے کام اور پڑھائی پر توجہ نہیں دے پاتا۔
  - کسی اُستاد کے لیے انفرادی طور پر ہجوم جماعت کی نگرانی کرنا مشکل ہے۔
  - طلبہ کو ہم نصابی سرگرمیوں کے انعقاد اور انتظام کے دوران مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔
- طلبہ کو آگاہ کریں کہ حکومت کو چاہیے کہ ان مشکلات کو کم کرنے کے لیے ضروری اقدامات کریں اور تعلیم کے لیے ایک ایسا پُر امن ماحول فراہم کرے جو طلبہ کو بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کرنے اور روشن مستقبل کی راہ ہموار کرنے پر مائل کرے۔

اعادہ 3 منٹ

پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

جائزہ: **5منٹ**

آبادی کے بڑھنے سے کون سے مسائل پیدا ہوتے ہیں؟

گھر کا کام: **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

ورک شیٹ (ہوم ورک)

سوال نمبر 1: زیادہ گنجان آباد اور کم گنجان آباد ممالک کی فہرست اپنی کاپی میں بنائیں۔

زیادہ گنجان آباد ممالک	کم گنجان آباد ممالک